پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ : www.rbi.org.in

ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358

30 دسمبر 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کی سیکشن 35A کے تحت ہدایت
دی مراٹھا سہکاری بینک لمیٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر

دی مراٹھا سہکاری بینک لمیٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو مورخہ 31 اگست 2016 کے ڈائریکٹیو نمبر ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی۔آئی/ ڈی نمبر 4/12.22.141/2016-2017 کے ذریعہ 31 اگست 2016 کو کام کے اختتام سے ہدایات کے تحت رکھا گیا تھا۔اس ہدایات میں وقتاً فوقتاً توسیع متعلقہ ڈائریکٹیوز کے ذریعہ کی جاتی رہی ہے۔پچھلی توسیع 25 ستمبر 2019 کے ڈائریکٹیو ڈی سی بی آر، سی او، اے آئی ڈی۔ نمبر 20/12.22.140/2019-20 کے ذریعہ کی گئی تھی اور اس کی ویلیڈٹی نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 31 دسمبر 2019 تک تھی۔

2. اب عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے کہ مورخہ 31 اگست 2016 کا ڈائریکٹیو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی/ڈی 4/12.22.141/2016 جس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی ہے اس بینک کو جاری ہدایات میں پچھلی مرتبہ 31 دسمبر 2019 تک توسیع کی گئی تھی کو مزید 3 ماہ کے لئے جاری رکھا جائے۔آر بی آئی نے اپنے 20 دسمبر 2019 کے ڈائریکٹیو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی/ نمبر 43/12.22.140/2019-2020 کے ذریعہ اس میں نظر ثانی کی شرط کے ساتھ یکم جنوری 2020 سے 31 مارچ 2020 تک توسیع کردی ہے۔

3. اس ڈائریکٹیو کی دیگر شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔وہ ویسے ہی رہیں گی۔20 دسمبر 2019 کے ڈائریکٹیو جس میں مندرجہ بالا توسیع کے بارے میں بتایا گیا ہے کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی گئی ہے۔

4. مندرجہ بالا توسیع اور/ یا ترمیمات جو ریزروبینک نے کی ہیں کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ آر بی آئی اس بینک کی مالی حالت میں بہتری سے مطمئن ہے۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 1543/2019-2020